احکامِ شریعت
اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی

مسلک اہل سنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

شبیر برادرز ۴۰ بی اردو بازار لاہور

فون ۴۲۳۲۵۰۶

نام کتاب ———— احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ———— اعلیحضرت احمد رضا خاں بریلوی ؒ
سال طباعت ———— ۱۹۹۶ء
ناشر ———— شبیر برادرز۔ اردو بازار لاہور
قیمت ———— ۹۰/- روپے

بزرگوار کا انتقال ہوگیا اب زید اور کسی عالم سے بیعت ہو سکتا ہے یا نہیں ؟

الاجواب تبدیل بیعت بلا وجہ شرعی ممنوع ہے اور تجدید جائز بلکہ مستحب ہے اور جو سلسلہ عالیہ قادریہ میں نہ ہو اور اپنے شیخ سے بغیر انحراف کے اس سلسلہ عالیہ میں بیعت کرے وہ تبدیل بیعت نہیں بلکہ تجدید ہے کہ جمیع سلاسل اس سلسلہ اعلیٰ کی طرف راجع ہیں ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

مسئلہ ۱۵ ۔ جمعہ کے دن احتیاط الظہر کیا فرماتے ہیں اعلیٰ حضرت مجدد مائۃ حاضرہ فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خاں صاحب ادام اللہ بالبر والاحسان اس مسئلہ میں کہ جمعہ کی نماز پڑھ کر اس کے بعد پھر نماز ظہر پڑھنی چاہیے یا نہیں ۔

الاجواب ہندوستان بفضلہ دارالاسلام ہے یہاں کے شہروں میں جمعہ صحیح ہے اس کے بعد نماز ظہر کی حاجت نہیں وہاں جاہلوں نے جو دیہات میں جمعہ نکال لیا ہے وہاں اگر کوئی جمعہ پڑھے تو اس پر ظہر پڑھنا ضرور لازم ہے کہ دیہات میں جمعہ نہیں ہوتا ۔

مسئلہ ۱۶ ۔ داڑھی منڈوانا کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر کسی داڑھی منڈے سے ملاقات ہو اور یہ شناخت نہ ہو کہ مسلمان ہے یا ہندو اس کو سلام کرنا چاہیے یا نہیں اور اس سے صاحب سلامت کرنے کا کیا طریقہ ہے ؟ بینوا توجروا ۔

الاجواب جو شخص پہچان میں نہ آئے کہ مسلمان ہے یا کافر اس سے ابتداء سلام جائز نہیں کہ ابتداء سلام مسلمان کے ساتھ سنت ہے اور کافر کے ساتھ حرام اور فعل جب سنت و حرام میں متردد ہوتا جائز رہے گا کما فی الخلاصہ و الدر المختار وغیرھما ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

مسئلہ ۱۷ ۔ رسول اکرم پر درود کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عبداللہ بن مطلب بن ہاشم بن عبد مناف چاروں پشت پر فاتحہ درود پڑھنا چاہیے یا نہیں ؟ بینوا توجروا ۔

الاجواب ہمارے نزدیک صحیح و راجح یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آباؤ امہات حضرت عبداللہ و حضرت آمنہ سے حضرت آدم علیہ السلام و حضرت حوا تک